16.06.2024

Hrs 13.50

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ................. کلیم احمد

**Music**

* مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ جموں کشمیر میں حالیہ دہشت گردانہ حملوں کے تناظر میں ایک میٹنگ میں سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں۔

* قانون اور انصاف محکمے کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا ہے کہ اگلے مہینے جو تین نئے فوجداری قوانین نافذ ہوں گے، وہ تیزی کے ساتھ انصاف دلانے کیلئے مرتب کئے گئے ہیں۔

* شمالی سکّم میں چٹانوں کے ٹکڑے گرنے کے تناظر میں پھنسے ہوئے ایک ہزار 200 سے زیادہ سیاحوں کو باہر لانے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ سبھی سیاح صحیح سلامت ہیں۔

* بھارتی موسمیات محکمے نے شمال مغربی، وسطی اور مشرقی بھارت میں اگلے دو دن تک شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔

* اور...... خواتین کرکٹ میں بینگلورو میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کا پہلا میچ کھیلا جا رہا ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے...........

**Shah J&K Meeting**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، نئی دلّی میں جموں کشمیر کی سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے اعلیٰ سطح کی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں۔ جناب امت شاہ وہاں حالیہ دہشت گردانہ حملوں کے تناظر میں سیکورٹی حالات کا جائزہ لیں گے۔

اِس میٹنگ میں قومی سلامتی کے مشیر اجیت دوبھال، جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا اور مرکزی داخلہ سکریٹری اجے بھلّا شرکت کر رہے ہیں۔ انٹلیجنس بیورو کے ڈائریکٹر، جموں کشمیر کے چیف سکریٹری اور ڈائریکٹر جنرل پولیس نیز فوج کے اعلیٰ افسر بھی اِس میٹنگ میں موجود ہیں۔ اِن میں فوج کے سربراہ جنرل منوج پانڈے اور فوج کے نامزد سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی شامل ہیں۔ x

## PM Yoga Video

اِس مہینے کی 21 تاریخ کو یوگ کے 10 ویں بین الاقوامی دن سے قبل وزیر اعظم نریندر مودی نے سوشل میڈیا پر پادہستاسَن کا ویڈیو کلپ شیئر کیا ہے، جس میں کھڑے ہوکر ہاتھوں کو پاؤں تک لے جایا جاتا ہے۔

وزیر اعظم نے ویڈیو شیئر کرتے ہوئے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ اِس آسن کو اپنائیں کیونکہ اِس کے بہت سے فائدے ہیں۔ مذکورہ کلپ میں ہندی اور انگریزی دونوں میں تندرستی کے فائدے اور اِسے کرنے کے طریقے بیان کئے گئے ہیں۔ x

## PM Mann Ki Baat

وزیر اعظم نریندر مودی اِس مہینے کی 30 تاریخ کو آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک کے لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا 111 واں نشریہ ہوگا جبکہ لگاتار تیسری مدت کیلئے وزیر اعظم کی حیثیت سے جناب مودی کے پھر سے انتخاب کے بعد یہ پہلا پروگرام ہوگا۔

آپ بھی ٹول فری نمبر کے ذریعے اِس پروگرام کیلئے اپنی رائے اور تجویزیں بھیج سکتے ہیں۔ نمبر اس طرح ہے:

ایک آٹھ صفرصفر۔ ایک ایک۔ سات آٹھ صفر صفر

آپ نریندر مودی ایپ یا MyGov اوپن فورم کے ذریعہ بھی آن لائن اپنی رائے بھیج سکتے ہیں۔ 'من کی بات' کے اِس پروگرام کیلئے سبھی تجویزیں اِس مہینے کی 28 تاریخ تک قبول کی جائیں گی۔

'من کی بات' کا یہ پروگرام، آکاشوانی اور دور درشن کے پورے نیٹ ورک پر نشر کیا جائے گا اور یہ اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور newsonair موبائل ایپ پر بھی دستیاب ہوگا۔ x

## PM Smrivitan Unesco

وزیراعظم نریندرمودی نے گجرات کے شہر بھُج میں بنے Smritivan ارتھ کوئیک میموریل میوزیم کو یونیسکو Prix Versailles میوزیمس 2024 کیلئے عالمی انتخاب کئے جانے پرخوشی کا اظہار کیاہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ کَچھ میں Smritivan سال 2001 میں آئے خوفناک زلزلے میں ہوئے جانی نقصان کیلئے ایک خراج عقیدت ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ میوزیم، انسانوں کے پختہ عزم کے ساتھ ساتھ جرأت مندی اور حوصلے کی بھی یاد دلاتا ہے۔

Prix Versailles کی جانب سے ”دنیا کی خوبصورت ترین حصولیابیوں“ کا اعتراف کئے جانے سے“ رہن سہن، کے ماحول کو خوبصورت اور بہتر بنانے میں ان افراد کا بنیادی کردار اجاگر ہوتا ہے، جنھیں غیر معمولی کارنامے پر اعزاز سے نوازا گیا ہے۔

## Three New Laws

قانون اور انصاف محکمے کے وزیر ارجن رام میگھوال نے کہا ہے کہ اگلے مہینے جو تین نئے فوجداری قوانین نافذ ہوں گے، وہ تیزی کے ساتھ انصاف دلانے کیلئے مرتب کئے گئے ہیں۔ وزیر موصوف نے کہا کہ وقت اور ملک کے حالات کی مناسبت سے قوانین میں تبدیلی کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک کے مختلف حلقوں کی جانب سے طویل عرصے سے اِس طرح کی مانگ سامنے آتی رہی ہے کہ برطانوی دور کے جابرانہ فوجداری قوانین میں ترمیم کی جانی چاہیے۔ اِسے تسلیم کرتے ہوئے تین نئے قوانین، اگلے مہینے کی پہلی تاریخ سے نافذ ہوجائیں گے اور اِس سے عوام کو نوآبادیاتی جابرانہ فوجداری کی قوانین کی جگہ بروقت، تیز رفتار اور کسی طرح کی خامی کے بغیر انصاف کا حق مل جائے گا۔

صدر جمہوریہ نے پچھلے سال اِن تین قوانین کو منظوری دی تھی۔ اِن میں بھارتیہ نیائے Sanhita بھارتیہ ناگرک سرکشا Sanhita اور بھارتیہ ساکشیہ ایکٹ 2023 شامل ہیں۔ x

## Sikkim Evacuation

سکّم کے Mangan ضلعے میں Lachung اور Chungthang کے مقام پر پھنسے ہوئے سیاحوں کو باہر لانے کیلئے کوششیں جاری ہیں۔ وہاں تیز بارش کے بعد چٹانوں کے ٹکرے گرنے کے واقعات پیش آئے ہیں۔ اِن سیاحوں میں ایک ہزار 200 سے زیادہ بھارت کے اور 15 غیر ملکی سیاح شامل ہیں۔

Mangan کے ضلع کلکٹر نے آکاشوانی کو بتایا کہ خراب موسم کی وجہ سے اِن سیاحوں کو ہیلی کاپٹر کے ذریعے فی الحال وہاں سے باہر نکالنا ممکن نہیں ہے اور کئی مقامات پر سڑک راستہ بھی بند ہے۔ البتہ انھوں نے یہ بھی کہا کہ سبھی سیاح اپنے اپنے ہوٹلوں میں صحیح سلامت ہیں۔ ضلع کلکٹر نے یقین دلایا کہ موسم بہتر ہوتے ہی اِن سیاحوں کی بحفاظت واپسی کو یقینی بنایا جائے گا۔

سکّم میں لگاتار بارش ہونے اور چٹانوں کے ٹکرے گرنے کی وجہ سے 9 افراد کی موت ہوئی ہے۔ x

## Eid Adha

متحدہ عرب امارات سمیت خلیج کے ملکوں اور دنیا کے دیگر ملکوں میں بھی آج عید الاضحی کا تہوار منایا جا رہا ہے۔ اِس موقع پر عید کی نماز ادا کی گئی اور خدا کے حکم پر قربانی دینے کیلئے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی آمادگی کی پیروی کرتے ہوئے جانوروں کی قربانی دی جا رہی ہے۔

سعودی عرب میں میدانِ عرفات میں حج کا رکنِ اعظم وقوفِ عرفہ ادا کرنے کے بعد تقریباً 180 ملکوں کے لاکھوں حجاجِ کرام مزدلفہ میں رات گزارنے کے بعد آج منیٰ واپس آگئے اور عید الاضحی کے موقع پر جانوروں کی قربانی دی۔

اِدھر بھارت کے بیشتر حصوں میں عید الاضحی کل منائی جائے گی۔ x

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے نے شدید گرمی کے تناظر میں شمال مغربی، وسطی اور مشرقی بھارت کیلئے اورینج الرٹ اور ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ موسمیات محکمے نے کہا ہے کہ اگلے دو دن تک اترپردیش، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، بہار اور جھارکھنڈ کے بعض حصوں میں کہیں شدید اور کہیں انتہائی شدید گرمی کا زور جاری رہے گا۔

ہماچل پردیش، راجستھان، مدھیہ پردیش، چھتیس گڑھ اور اتراکھنڈ کے بعض حصوں میں بھی منگل کے روز تک اِسی طرح کا موسم رہے گا۔ ملک کے بقیہ حصوں میں دن کے درجۂ حرارت میں کوئی خاص تبدیلی ہونے کا امکان نہیں ہے۔

البتہ شمالی مشرقی بھارت اور مغربی بنگال میں اگلے 6 دن کے دوران کہیں تیز اور کہیں بہت تیز بارش ہونے کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ x

## Women Cricket

خواتین کرکٹ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان تین ایک روزہ میچوں کی سیریز کا پہلا میچ بینگلورو میں کھیلا جا رہا ہے۔ بھارت نے ٹاس جیت کر بلے بازی کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اب سے کچھ دیر پہلے تک بھارتی خواتین نے 5 اوورس ایک وکٹ پر 19 رن بنا لئے تھے۔

ہرمن پریت کور بھارتی ٹیم کی کمان سنبھال رہی ہیں جبکہ Laura Wolvaardt جنوبی افریقہ کی کپتان ہیں۔اگلے سال ہونے والے ایک روزہ میچوں کے ICC کرکٹ ورلڈ کپ کی تیاری کے تناظر میں دونوں ٹیموں کیلئے یہ سیریز اہمیت کی حامل ہے۔

جنوبی افریقہ کی خواتین کی کرکٹ ٹیم، بھارت کے اپنے دورے میں ایک ٹیسٹ میچ اور تین ٹی ٹوئنٹی میچ بھی کھیلے گی۔x

## T20 World Cup

ٹی ٹوئنٹی کرکٹ ورلڈ کپ میں آج شام فلوریڈا میں گروپ-اے کے ایک میچ میں پاکستان کا مقابلہ آئرلینڈ سے ہوگا۔ یہ دونوں ٹیمیں پہلے ہی ٹورنامنٹ سے باہر ہوچکی ہیں۔ گروپ-اے سے بھارت اور امریکہ نے Super-8 مرحلے کیلئے کوالیفائی کیا ہے۔

اِس سے پہلے آج صبح St. Lucia میں گروپ-بی کے میچ میں آسٹریلیا نے اسکاٹ لینڈ کو 5 وکٹ سے ہرا دیا۔ آسٹریلیا نے 181 رن کا جیت کا نشانہ 5 وکٹ کھوکر حاصل کرلیا جبکہ دو گیندوں کا کھیل باقی تھا۔ x

## Leh Kargil Vijay Diwas Anniversary

لداخ میں 25ویں وجے دِوس کے موقع پر بھارتی فوج نے کرگل کے طلبا کے لیے ایک مِنِی مراتھن یعنی تفریح کے لیے دوڑ کا انعقاد کیا۔

اس تقریب میں 15سے 18 سال تک کی عمر کے لڑکوں اور لڑکیوں، دونوں کے زمروں میں 316 سے زیادہ طلباء نے جوش و خروش کے ساتھ حصہ لیا۔

5 کلومیٹر طویل یہ دوڑ Khree sultan Choo اسپورٹس اسٹیڈیم سے شروع ہوکر Khumbathan روڈ سے ہوتے ہوئے واپس اسٹیڈیمپر اختتام پذیرہوئی۔ اس تقریب میں 121 انفینٹری بریگیڈ کے کمانڈر بریگیڈیر Pratheet پراشر نے مہمانِ خصوصی کے طور پر جبکہ کرگل کے ڈپٹی کمشنر شری کانت SUSE مہمانِ ذی وقار کے طور پر شرکت کی۔ دونوں حضرات نے مشترکہ طور پر جھنڈی دکھاکر میراتھن کو روانہ کیا۔

* * *